© rasailojaraid.com



## جامعہ علوم اثریہ کے ششماہی امتحانات اور تعطیلات

شعبہ حفظ کے امتحانات 29 صفر 1425ھ/ 20 اپریل 2004ء بروز منگل سے شروع ہوکر 30 صفر/ 21 اپریل کو ختم ہوں گے۔ اس کے ساتھ ہی انہیں جمعہ کی شام تک چھٹی دی جائے گی۔

شعبہ کتب کے امتحانات 7 ربیع الاول / 28 اپریل بروز بدھ سے شروع ہوکر 15 ربیع الاول/ 6 مئی کو ختم ہوں گے۔ جبکہ مورخہ 14 ربیع الثانی 3 جون بروز جمعرات اسباق کے بعد سے 29 ربیع الثانی / 18 جون جمعہ کی شام تک 15 دن کی موسم گرما کی تعطیلات ہوں گی۔ ان شاء اللہ

## جامعہ علوم اثریہ کا اعزاز

وفاق المدارس السلفیہ پاکستان کے سالانہ امتحان 1424ھ ثانویہ عامہ میں طالب علم محمد قاسم بن حافظ عبدالرؤف نے اول اور عکاشہ مدنی بن علامہ محمد مدنیؒ نے دوم پوزیشن حاصل کی۔

## جامع مسجد اہل حدیث خورد میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس

مورخہ 22 فروری بروز اتوار بعد از نماز عشاء عظیم الشان سیرت النبی ﷺ کانفرنس زیر صدارت حافظ عبدالحمید عامر صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی رئیس جامعہ علوم اثریہ جہلم منعقد ہوئی۔ مشہور صحافی محمود مرزا جہلمی پروگرام کے مہمان خصوصی تھے۔ کانفرنس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ قاری عبدالوہاب صدیقی صاحب نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ بعد ازیں کانفرنس سے حضرت مولانا زبیر احمد صاحب اور حضرت مولانا محمد اسحاق اوکاڑوی صاحب نے خطاب کیا۔ یہ عظیم الشان کانفرنس حافظ عبدالحمید عامر صاحب کے صدارتی اور دعائیہ کلمات سے تکمیل پذیر ہوئی۔

## جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں رئیس الجامعہ کا درس قرآن وحدیث

مورخہ 21 فروری 2004ء بروز ہفتہ بعد از نماز مغرب جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے فکر آخرت کے موضوع پر درس قرآن وحدیث ارشاد فرمایا۔

## فرسٹ مون ریسٹورنٹ اینڈ میرج ہال کا افتتاح

مورخہ 14 فروری بروز ہفتہ بعد از نماز مغرب فرسٹ مون ریسٹورنٹ اور میرج ہال کے افتتاح



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے موقع پر نہایت ہی پروقار تقریب زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی جناب چوہدری فرخ الطاف صاحب ناظم ضلع جہلم تھے۔ جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض محمود مرزا جہلمی صاحب نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز قاری نویدالحسن صاحب کی تلاوت سے ہوا۔ تلاوت کے بعد نعت خواں حضرات نے بڑے ہی احسن انداز میں نعتیہ کلام پیش کیا۔ یاد رہے کہ قمر بٹ صاحب، سرور بٹ صاحب، حفیظ اللہ بٹ صاحب اور آصف شفیق صاحب نے عظیم الشان ہال تعمیر کر کے جہلم کی شان وشوکت میں ایک نئے باب کا اضافہ کیا ہے۔ اس پروگرام میں مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق صاحب، جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ نے شرکت کی۔ بالآخر یہ پروگرام اللہ کے فضل وکرم سے حافظ عبدالحمید عامر صاحب کے صدارتی ودعائیہ کلمات سے تکمیل پذیر ہوا۔

## محمود عدنان صاحب کے برف خانہ کا افتتاح

انجمن اہل حدیث جہلم کے متحرک وفعال رکن محمود عدنان صاحب کے برف خانہ کا افتتاح (جس میں انہوں نے نئے یونٹوں کا بھی اضافہ کیا ہے) مورخہ 11 مارچ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے کیا اور دعائے خیر وبرکت کی۔

## بھائی بھائی بیکرز کا افتتاح

چوک اہل حدیث جہلم میں شیخ امجد محمود صاحب کی دعوت پر مورخہ 11 مارچ سہ پہر 3:30 بجے بھائی بھائی بیکرز کا افتتاح رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے اپنی دعائے خیر وبرکت سے کیا۔

# وفیات

## شیخ الحدیث جامعہ علوم اُثریہ کو صدمہ

مورخہ 20 مارچ بروز ہفتہ حضرت مولانا محمد اکرم جمیل صاحب شیخ الحدیث جامعہ علوم اُثریہ کے ماموں زاد بھائی اور مولانا حبیب الرحمٰن یزدانی شہید کے چھوٹے بھائی ڈاکٹر مشتاق احمد یزدانی طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ مرحوم بڑے نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ اللہ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

## مولانا احمد علی صاحب کو صدمہ

مورخہ 16 مارچ بروز منگل مولانا احمد علی صاحب مدرس جامعہ علوم اثریہ کی ہمشیرہ مختصر علالت کے



© rasailojaraid.com